چاہیئے۔ ورنہ ادب کے ذریعہ صحیح قدروں کی تبلیغ کا دائرہ محدود ہو جائے گا اور اس کا افادہ
اس نمبر کے تمام مضامین مطالعہ کے لائق، دلچسپ اور شگفتہ ذوقِ ادب کے حامل ہیں۔

سالنامہ پگڈنڈی امرتسر ۔ ایڈیٹر امریک آنند۔ ضخامت ۲۱۶ صفحات۔ کتابت و
بہتر۔ قیمت دو روپے پتہ:- ادبستانِ اردو۔ ہال بازار امرتسر۔

اس رسالہ کا نام تو کچھ یونہی سا ہے لیکن اس خاص نمبر کے سب مضامین نثر و نظم ایسے
کسی معیاری ادبی پرچہ کے ہو سکتے ہیں۔ مقالات لکھنے والوں میں قاضی عبدالودود۔ خواجہ احمد
مالک رام۔ عبادت بریلوی۔ اسلوب احمد انصاری اور نثار احمد فاروقی وغیرہم جیسے مستند اربابِ قلم
ہیں۔ یہی حال نظموں، غزلوں اور افسانوں کا ہے۔ طنز و مزاح میں کنہیا لال کپور، غلام احمد فرقت
شریکِ بزم ہیں۔ امرتسر سے اردو کے ایسے معیاری ادبی ماہنامہ کا شائع ہونا خوشی کی بات ہے۔ امید
کہ یہ رسالہ پنجاب میں خاص طور پر سنجیدہ ذوقِ ادب کی آبیاری میں بہت کارگر ثابت ہوگا۔

معاشرتی بہبود ۔ ایڈیٹر جناب پیام شاہجہانپوری۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت ۵۲ صفحات۔ ک
وطباعت بہتر۔ قیمت سالانہ پانچ روپیہ۔ پتہ:- ۸۔ لکشمی مینشن۔ دی مال لاہور۔

یہ ویسٹ پاکستان سوشل ویلفیئر سوسائٹی کا ماہنامہ ہے جو ابھی چند ماہ سے شائع ہونا شروع
ہے۔ اس کا ایک حصہ انگریزی میں ہوتا ہے اور باقی سب اردو میں۔ سوسائٹی کا بنیادی مقصد عوام میں س
بہبود اور اپنی مدد آپ کے جذبہ کا صحیح شعور پیدا کرنا ہے اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہی وہ بنیادی کام
ہے جس کے ذریعہ ایک قوم جمہوری زندگی کے حقیقی فوائد سے بہرہ مند ہونے کے قابل ہو سکتی ہے۔ چنانچ
اس مقصد کے پیشِ نظر اس رسالہ میں ادبی چاشنی کے ساتھ نفسیاتی، علمی، تعلیمی، صنعتی و حرفتی۔
صحت و تندرستی اور اخلاقی و سماجی مسائل پر مفید اور دلچسپ مضامین شائع ہوتے ہیں۔ کتابوں پر
و تبصرہ بھی ہوتا ہے جس سے ملک میں ادب کی ترقی کی رفتار کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ عوام کے
اس کا مطالعہ مفید ہوگا۔